© rasailojaraid.com

اور تحریری صلاحیتوں کو ان مبارک ہستیوں کے ایمان افروز حالات و سوانح رقم کرنے کے لیے وقف کر چکے ہیں کہ جو نہ صرف نزولِ قرآنِ مجید کے عینی گواہ ہیں اور جن کی ہاتھ پر ائمہؒ کیے بغیر اسلام کی عمارت قائم نہیں رہتی، بلکہ جن کی بدولت آج بھی ہمارے کان "قال اللہ وقال الرسول" کی صداؤں سے آشنا ہو کر ہمیں ہماری اخروی سعادتوں کا پیغام دے رہے ہیں؟

زیرِ نظر کتاب جو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سو متبعینِ کاملینؓ کے ذکرِ خیر پر مشتمل ہے، جناب طالب ہاشمی کی اس موضوع پر ساتویں کتاب ہے۔ اس سے قبل ان کے قلم سے ۶ کتابیں "خیر البشرؐ کے چالیس جاں نثار" "شمعِ رسالتؐ کے تیس پروانے" "تذکارِ صحابیاتؓ" "سیرت حضرت سعد بن ابی وقاصؓ" "سیرت حضرت ابو ایوب انصاریؓ" اور "سیرت حضرت عبداللہ بن زبیرؓ" ملک کے اہلِ قلم سے خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہیں۔

جناب طالب الہاشمی کی تحریر کی بہت بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ سادہ، آسان اور دلکش ہونے کے ساتھ ساتھ تحقیقی رنگ لیے ہوتی ہے، علاوہ ازیں صحتِ املا اور صحتِ تلفظ پر بھی موصوف خصوصی توجہ دیتے ہیں۔

مختصر اً موضوع کی اہمیت و افادیت کے پیشِ نظر یہ ضروری ہے کہ اس قسم کی کتابوں کو ہر کتب خانہ کی زینت بنایا جائے۔ جو مسلمان طلباء و طالبات کی تعمیرِ سیرت اور تشکیلِ کردار میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں!

دعا ہے اللہ تعالیٰ مصنف کی خدمات کو قبول فرماتے ہوئے انہیں آپ کے لیے توشۂ آخرت بنائے۔ آمین!

## ۴

نام کتاب : ابو یوسف یعقوب المنصور باللہ

مؤلف : طالب الہاشمی

ضخامت : ۳۶۰ صفحات

قیمت : ۲۵ روپے

ناشر : قومی کتب خانہ لاہور


© rasailojaraid.com